11 ثقافت

CULTURE

اس باب میں آپ جانیں گے:

- ثقافت کی تعریف اور وضاحت
- ثقافتی مماثلتیں
- ثقافتی اختلافات
- ثقافتی تغیر و طریقے

دنیا کا ہر معاشرہ اپنی ایک ثقافت رکھتا ہے۔ دنیا میں آج بھی ایسے معاشرے ہیں جہاں زیب تن کرنے کے لیے لباس نہیں گھاس پھوس، درختوں کے پتوں اور جانوروں کی کھال سے اپنے جسم کو ڈھانپا جاتا ہے۔ ان کے ہاں ہمارے سکول و کالجوں کی طرح تعلیمی ادارے نہیں خرید و فروخت کے لیے سکے اور نوٹ نہیں۔ آخر وہ بھی ایک معاشرتی زندگی رکھتے ہیں اور ایک معاشرہ کہلاتے ہیں۔ ان کا رہن سہن اور طرز زندگی ان کی ثقافت ہے۔ ہمارے مکانات پکے ہیں۔ بجلی اور پانی کی سہولتیں ہیں۔ ہمارا مذہب، فن، زبان اور زندگی گزارنے کے انداز یہی ہماری ثقافت ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ہمارا طرز زندگی بھی ثقافت کہلاتا ہے۔

لفظی معنی

لفظ ثقافت عربی کے ایک لفظ ثقف سے اخذ کیا گیا ہے جس کے لغوی معنی عقلمندی اور مہارت کے ہیں۔ ثقافت کو انگریزی میں کلچر (Culture) کہتے ہیں جو کہ لاطینی زبان کے ایک لفظ cults سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی کھیتی باڑی کرنے کے ہیں۔

تعریف (Definition):

لنٹن (Linton) کہتا ہے کہ:

"ثقافت معاشرتی ورثہ کا نام ہے۔"

اس تعریف سے ظاہر ہے کہ جو کچھ ہمیں اپنے بزرگوں سے حاصل ہوتا ہے وہی ہماری ثقافت ہے۔ ان میں معاشی و مسائل (زمین، مکان، کارخانہ، دولت وغیرہ) کے علاوہ معاشرتی وسائل (اخلاق و کردار کے نمونے، زندگی کے رسم و رواج، مذہبی اقدار و عقائد، معروف آداب وغیرہ) بھی شامل ہیں۔ یہ سب معاشرتی ورثہ ہیں۔

ہرسکووٹس (Herskovits) نے:

"ماحول کے اس حصہ کو ثقافت کہا ہے جسے انسان نے بنایا ہے۔"

"Man made environment is called culture."

وہ کہتا ہے کہ فطری ماحول میں جنگل، دریا، پہاڑ وغیرہ ہیں ثقافت میں شامل نہیں بلکہ مکانات، پل، ریل، ہوائی جہاز، توپ، ٹینک، کتاب، کرسی، ازدواجی نظام، زرعی نظام، ٹرانسپورٹ کا ادارہ، تعاون، تصادم، جرم وغیرہ ثقافت کے اجزاء ہیں کیونکہ انہیں انسان نے بنایا ہے۔"

ای۔بی۔ٹائلر (E.B. Tylor) نے ثقافت کی تعریف یوں کی ہے:

"ثقافت وہ پیچیدہ سالمیہ (Complex Whole) ہے جس میں علم، عقیدہ، آرٹ، اخلاق، قانون، رسم اور دوسری وہ تمام صلاحیتیں اور عادات شامل ہیں جن کا اکتساب انسان معاشرے کے رکن کی حیثیت سے کرتا ہے۔"

"Culture is a complex whole which includes knowledge, beliefs, art, law, rituals and other skills and habits which individual ascribes being member of society".

یہ تعریف نہایت جامع ہے۔ اس میں مادی ثقافت بھی شامل ہے۔ جس میں مکان، عمارتیں، موٹر، ہوائی جہاز وغیرہ مادی چیزیں شامل ہیں۔ اس تعریف کی رُو سے معاشرتی زندگی میں پیش آنے والے تمام واقعات و حالات ثقافت کا جزو ہیں۔

ثقافتی مماثلت
(Cultural Uniformity)

تعریف:

"ہر ثقافت میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ مختلف ثقافتوں میں بہت سے خواص کا مشترک پایا جانا ثقافتی مماثلت کہلاتا ہے۔"

ہر ثقافت میں بہت سے پہلو ہوتے ہیں۔ ان پہلوؤں میں ایک دوسرے سے قربت بھی پائی جاتی ہے۔ جو ثقافت میں یکسانیت مماثلت پیدا کرتی ہے۔ ثقافتی مماثلت کی مثالیں حسب ذیل ہیں۔

پاکستانی معاشرہ میں ثقافتی مماثلتیں
(Cultural Similarities in Pakistan)

ا۔ اسلامی روایات واقدار کی تعلیم: اسلامی روایات واقدار کو تسلیم کرنا ہمارے معاشرے کے

افراد میں مماثلت رکھتا ہے۔

۲۔ قومی تہوار: عیدین، یوم جمہوریہ پاکستان ۲۳ مارچ، ۱۴ اگست یوم پاکستان، ۶ ستمبر دفاع پاکستان، ۲۱ اپریل یوم اقبال پاکستانی معاشرے میں تمام افراد کے لیے مماثلت رکھتے ہیں۔

۳۔ بزرگوں، اساتذہ اور والدین کا احترام: والدین، اساتذہ، قریبی رشتہ دار اور دینی بزرگ کا ادب و احترام کیا جاتا ہے۔ یہ ہماری ثقافتی اقدار میں شامل ہیں معاشرے کے تمام افراد میں یکساں اہمیت کا حامل ہے۔

۴۔ مذہبی اقدار کا احترام: قرآن کریم، بیت اللہ شریف، نماز اور مسجد کا احترام ہمارے معاشرے کی اہم اقدار ہیں ان کا احترام لازم ہے اور تمام مسلمانوں میں مماثلت رکھتا ہے۔

۵۔ خاندان و شادی بیاہ: رہائش کے لیے مکانات بنانا، خاندان کو آباد کرنے کے لیے آپس میں شادی بیاہ کرنا اور نسل انسانی کی بقاء کے لیے اولاد کی تربیت کرنا ہر فرد پر یکساں اہم ہیں۔ اس لیے یہ ہماری ثقافتی مماثلت ہے۔

۶۔ اولاد کی تربیت: والدین اپنے بچوں کی تربیت میں اپنی ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔ اور اس کو تمام والدین یکساں اہمیت کا حامل سمجھتے ہیں۔

۷۔ غریبوں اور یتیموں کی امداد: مصیبت زدوں کی امداد کا جذبہ پورے معاشرے میں پایا جاتا ہے۔ لوگ غریبوں، بھکاریوں، بے کسوں، یتیموں اور بیواؤں کی امداد زکوٰۃ و خیرات سے کرتے رہتے ہیں۔ یہ ان کے لیے باعث رضائے الٰہی ہے۔

۸۔ جرم پر سزا کا تصور: جرم پر سزا کا تصور پورے معاشرے میں قائم ہے۔ ہر فرد اس کا حامی ہے کہ مجرم کو ضرور سزا دی جائے۔

۹۔ مصیبت و آفت میں دکھ و غم کا اظہار: مصیبت و آفت کی صورت میں غم کا اظہار سب گروہوں میں کیا جاتا ہے۔ اور مغموم دل کو تسلی دی جاتی ہے۔

۱۰۔ زیبائش و آرائش: زیبائش و آرائش بھی معاشرے میں مختلف درجے کے لوگوں میں مختلف حد تک پائی جاتی ہے اعلیٰ درجے کے افراد اپنے مکانوں، دکانوں اور اپنی آرائش پر خاص توجہ دیتے ہیں۔

۱۱۔ تفریحات: معاشرے کے تمام طبقوں میں تفریح کا استعمال پایا جاتا ہے۔ جس میں اخبار کا مطالعہ، کھیلیں، ریڈیو، ٹی وی، سینما، نمائش، سیر گاہوں و تاریخی مقامات کی سیر شامل ہیں۔ معاشرے کے افراد کے لیے یہ بھی ثقافتی مماثلت میں شامل ہیں۔

ثقافتی مماثلت کی وجوہات
(Causes of Cultural Uniformity)

ثقافتی مماثلت کی وجوہات کچھ اس طرح ہیں:

۱۔ **یکساں کردار:** معاشرے میں رواج افراد کے یکساں کردار کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں جس سے معاشرے میں مماثلت پیدا ہوتی ہے۔ جیسے لڑکی کو شادی پر جہیز دینا، بڑوں کا ادب کرنا وغیرہ۔

۲۔ **حاجات کی تسکین:** افراد اپنی ضروریات زندگی پوری کرنے کے لیے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں جس سے گروہی زندگی وجود میں آتی ہے۔ اس طرح بہت سے افراد ایک ہی قسم کے کردار میں شامل ہو جاتے ہیں۔ جس سے بہت سے لوگوں کا کردار یکساں ہو جاتا ہے اور ثقافتی مماثلت قائم ہو جاتی ہے۔ جیسے کاروباری طبقہ، نوکری پیشہ لوگ، زراعت سے وابستگی وغیرہ۔

۳۔ **اداروں میں مماثلت:** معاشرے میں بہت سے ادارے ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں ان اداروں میں کام کرنے والے افراد کا کردار بھی یکساں ہو جاتا ہے وہ یکساں کام کرتے ہیں ان کی عادات بھی یکساں ہو جاتی ہیں۔ اس سے بھی ان مماثلت پیدا ہو جاتی ہے۔ جیسے مختلف کالجز میں پڑھانے والے اساتذہ کے رویوں میں مماثلت پائی جاتی ہے۔

۴۔ **قدرتی وسائل:** جہاں دوسرے عناصر ثقافتی مماثلت کا باعث بنتے ہیں وہاں قدرتی وسائل مثلاً پانی، تیل، گیس، معدنیات بھی اس پر اثر انداز ہوتی ہیں جیسے ساحلی علاقوں کے لوگوں کی خوراک میں مماثلت، اس طرح عرب ملکوں میں تیل کی کثرت کی وجہ سے گاڑیوں کا کثرت سے استعمال وغیرہ۔

۵۔ **معمولات میں یکسانیت:** معاشرے میں ثقافتی معمولات (لوک ریت، معروف آداب اور قوانین) ایک ہی جیسے ہوتے ہیں اور تمام افراد کے لیے یکساں ہوتے ہیں۔ ان معمولات کی تربیت افراد کو معاشرے کے اداروں میں دی جاتی ہے۔ تو افراد کے عادات اور رسم و رواج اور ان کا کردار ایک دوسرے سے ملتا جلتا ہو جاتا ہے۔ جس سے ان میں مماثلت پیدا ہو جاتی ہے۔ جیسے سڑک کے بائیں جانب گاڑی چلانا، کسی کا ناحق قتل نہ کرنا وغیرہ۔

۶۔ **یکساں تربیتی ادارے:** معاشرے کا نظام تعلیم، مذہبی اقدار، معاشی و سیاسی نظام افراد کو یکساں تربیت مہیا کرتے ہیں۔ جس سے ان کے تصورات، خیالات و عادات تقریباً یکساں ہو کر ثقافتی مماثلت پیدا کرتے ہیں۔

۷۔ **ذرائع اطلاعات میں یکسانیت:** ریڈیو، سینما، ٹیلی ویژن، اخبار، رسالے، کتب، ڈرامے،

سرکس، تھیٹر، نمائش، وغیرہ ذرائع اطلاعات افراد میں رائے عامہ کو ہموار کرتے ہیں اور ان میں یکسانیت پیدا کرتے ہیں۔ جس سے ثقافتی مماثلت پیدا ہوتی ہے۔

۸۔ آب و ہوا: ایک ہی آب و ہوا سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی عادات و ثقافت میں یکسانیت و مماثلت پائی جاتی ہے جیسے ٹھنڈے علاقے کے لوگ گرم چیزیں کھانا پسند کرتے ہیں اس طرح گرم علاقوں کے لوگ ٹھنڈی چیزیں کھاتے اور کھلے اور پتلے لباس پہنتے ہیں۔ برصغیر میں آب و ہوا کی وجہ سے پاکستان، انڈیا، بنگلہ دیش و سری لنکا میں ثقافتی مماثلت پائی جاتی ہیں۔

۹۔ ملتی جلتی ضروریات زندگی: لوگوں کی اکثر ضروریات یکساں ہیں اور ان کو پورا کرنے کے ذرائع بھی یکساں ہیں اس لیے ثقافتی مماثلت پیدا ہوتی ہے۔

۱۰۔ مذہب میں یکسانیت: ہمارے معاشرے میں اکثریت مسلمان ہیں۔ جس کی وجہ سے لوگوں کے اعتقادات و خیالات میں یکسانیت پائی جاتی ہیں۔ جیسے سور کا گوشت اسلام میں کھانا حرام ہے اس لئے یہ بازاروں میں دستیاب نہیں ہے اور تمام مسلمان اس کو حرام سمجھتے ہیں۔

ثقافتی اختلافات / تغیّرات
(Cultural Variabilities)

تعریف:

"مختلف ثقافتوں کے خواص میں اختلافات کا پایا جانا ثقافتی اختلافات کہلاتا ہے۔"

ثقافت میں اختلافات نہ ہوں تو معاشرتی تغیر کیسے ہو۔ معاشرتی ترقی کس طرح ہو۔ ثقافت میں یکسانیت کے ساتھ ساتھ اختلافات بھی ضرور پائے جاتے ہیں۔ اختلافات تو افراد میں مسابقت و تصادم پیدا کرتے ہیں جس سے معاشرتی زندگی میں حرکت پیدا ہوتی ہے۔ کوئی دو منزلہ مکان پسند کرتا ہے کوئی ایک منزلہ، کسی کو ہونڈا موٹر سائیکل پسند ہے کسی کو یاماہا۔ کوئی شیروانی و ٹوپی پسند کرتا ہے تو کوئی کوٹ و پتلون، کوئی زراعت کو پسند کرتا ہے تو کوئی تجارت کو، کوئی ملازمت کو اور کوئی صنعت کو۔ اسی طرح لوگوں کی اپنی اپنی پسند کی بناء پر معاشرے میں اختلافات پائے جاتے ہیں۔ یہ اختلافات جب مستقل اور دیرپا صورت اختیار کر لیتے ہیں تو ثقافتی خواص حاصل کر لیتے ہیں۔ ان کی چند مثالیں حسب ذیل ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

پاکستانی معاشرہ میں ثقافتی اختلافات
(Cultural Variabilities in Pakistan)

کیا آپ جانتے ہیں؟
مختلف ثقافتوں کے خواص میں اختلافات کا پایا جانا ثقافتی اختلاف کہلاتا ہے۔

۱۔ رہائش: کچھ لوگ دیہی معاشرے میں رہنا پسند کرتے ہیں اور کچھ بلدیاتی علاقوں یعنی شہروں میں۔

۲۔ علاج معالجہ: کچھ لوگ حکیموں سے دیسی طرز کے علاج کراتے ہیں اور کچھ لوگ ڈاکٹروں سے ایلو پیتھک یعنی انگریزی علاج۔

۳۔ زبانیں: معاشرے کے ایک حصے میں پنجابی بولی جاتی ہے دوسرے میں پشتو، تیسرے میں سندھی اور چوتھے میں بلوچی۔ اور بعض جدید فکر کے لوگ انگریزی کو ترجیح دیتے ہیں۔

۴۔ پیشے: کچھ افراد زراعت پیشہ ہیں، کچھ ملازمت میں، کچھ تجارت میں اور کچھ صنعت میں اور بعض مزدوری میں لگے ہوئے ہیں۔

۵۔ مذہبی اقدار: کچھ افراد مذہبی روایات واقدار کے شدت سے پابند ہیں نماز، روزہ، حج اور زکوۃ کے علاوہ اللہ کی توحید اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا زبان وقلب سے اقرار کرتے ہیں۔ اور کچھ افراد ان روایات واقدار سے غافل ہیں۔

۶۔ سیاسی پارٹیاں: کچھ افراد کسی سیاسی پارٹی میں ہیں اور کچھ اور پارٹی میں۔ اور بعض لوگ مذہبی جماعتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

۷۔ لباس: معاشرے کے ایک طبقے میں ایک طرز کا لباس ہے اور دوسرے میں دوسری طرز کا جیسے پنجاب میں دھوتی وکرتا، سرحد میں کرتا وشلوار، سندھ وبلوچستان میں بڑا کرتا وبہت بھاری شلوار عام ہیں۔ ہمارے شہروں میں لوگ پینٹ شرٹ کو پسند کرتے ہیں جبکہ گاؤں لوگ شلوار قمیض کو ترجیح دیتے ہیں۔

۸۔ شادی بیاہ کی رسومات: شادی بیاہ کی رسومات ہر برادری میں تقریباً مختلف پائی جاتی ہیں۔

۹۔ ذرائع ابلاغ: ہمارے معاشرے کا ایک طبقہ ٹی وی، کیبل وانٹرنیٹ کا آزادانہ استعمال ہر فرد کے لیے غیر مفید قرار دیتا ہے اور دوسرا طبقہ ہر فرد کے لیے ضروری سمجھتا ہے۔

۱۰۔ خواندگی: ہمارے معاشرے میں بڑی تعداد ناخواندہ افراد کی ہے۔ اور تھوڑے افراد خواندہ ہیں۔ یہ اختلاف اور بہت سے اختلافات کو جنم دیتا ہے۔

www.downloadclassnotes.com

۱۱۔ شادی و برادری: بعض خاندان برادری میں شادی کرنے کو ترجیح دیتے ہیں جبکہ کچھ برادریاں خاندان سے باہر شادی کرنا بہتر سمجھتی ہیں۔

دنیا کی مختلف ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے چند افراد
جو اپنی ثقافت اور خدوخال کے لحاظ سے ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔

ثقافتی اختلافات کی وجوہات
(Causes of Cultural Variabilities)

مندرجہ بالا مثالوں سے ظاہر ہے کہ معاشرے میں ثقافتی اختلافات موجود ہیں۔ لیکن معاشرے میں پھر بھی تعاون، اطمینان اور سکون کی زندگی پائی جاتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ ثقافتی اختلافات معاشرتی زندگی کیلئے ضروری ہیں۔ اب یہ جاننا ضروری ہے کہ یہ اختلافات کس طرح وجود میں آتے ہیں۔

۱۔ حاجات میں اختلافات: لوگوں کی حاجات ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں جسکی وجہ سے ان کی کوششیں الگ الگ رخ کرتی ہیں۔ جس سے ان میں دو یا اس سے زیادہ گروہ پیدا ہو جاتے ہیں جو اپنے اپنے مقصد کے پیچھے دوڑتے ہیں۔ اس سے ثقافتی اختلافات وجود میں آتے ہیں۔ نیز ان حاجات کو پورا کرنے کے ذرائع و طریقے مختلف دستیاب ہوتے ہیں۔ جو کہ ثقافتی اختلافات کا باعث

بنتے ہیں۔

۲۔ تربیت میں غیر یکسانیت: بعض اوقات معاشرے کے افراد مختلف ثقافتی اداروں میں کام کرنے کی وجہ سے مختلف معمولات کی تربیت حاصل کرتے ہیں جس سے ان کا کردار مختلف ہو جاتا ہے۔ جیسے کارخانے کے مزدور اور زمینوں کے کاشتکار ایک دوسرے سے مختلف پیشے رکھتے ہیں اور مختلف تربیت، معمولات اور مختلف عادات کے حامل ہیں۔

۳۔ غیر یکساں معاشی گروہ سے تعلق: انسان کی حاجات ایک جیسی نہیں ہیں بلکہ بہت سی مختلف حاجات اسے درکار ہیں جن کو پورا کرنے کے لیے معاشرے کے افراد مختلف گروہوں میں بٹ جاتے ہیں کچھ زراعت میں، کچھ صنعت میں، کچھ ملازمت میں، کچھ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں اور کچھ کاروبار وغیرہ میں اس سے معاشرے کی ضروریات بھی پوری ہو جاتی ہیں اور معاشرے میں اختلافات کا پہلو بھی جنم لیتا ہے۔

۴۔ تبدیلی کی خواہش: انسان خود بھی تبدیلی چاہتا ہے اس لیے معاشرے کے افراد بھی کبھی اپنا پیشہ بدلتے ہیں، کبھی مکان بدلتے ہیں، کبھی ملازمت وکاروبار، کبھی سیاسی پارٹی، کبھی شہر اور کبھی گھر۔ یہ تبدیلیاں بہت سے اختلافات پیدا کرتی ہیں۔

۵۔ معاشرتی درجہ بندی: افراد کی مختلف گروہوں میں تقسیم بھی بعض اوقات ثقافتی اختلافات کو جنم دیتی ہے۔ جیسے اعلیٰ طبقہ سے تعلق رکھنے والوں کا اپنا ایک طرزِ زندگی ہے جو کہ ادنیٰ طبقہ کے طرزِ زندگی سے نہایت مختلف ہے۔

۶۔ معاشرتی تبدیلی: بعض اوقات ایک ثقافتی اختلاف یا تبدیلی دیگر کئی اختلافات کو پیدا کرتی ہے یا متاثر کرتی ہے۔ کیونکہ معاشرتی زندگی آپس میں جڑی ہوئی ہے۔ ایک ادارے میں تبدیلی لانے سے معاشرے کے باقی ادارے بھی بدلنے لگتے ہیں جیسے ۷۶۔۱۹۷۱ء کے دوران اسلامی سوشلزم سے سیاسی ادارے بھی تبدیل ہوئے۔ اسی طرح بہت سے ثقافتی اختلافات رونما ہوئے۔ پھر جولائی ۱۹۷۷ء کے مارشل لاء نے ان میں سے بہت سی تبدیلیوں کو مٹا دیا اور ان کی جگہ اسلامی نظاموں کو نافذ کیا۔ اور ۱۹۹۹ء میں جنرل پرویز مشرف کی فوجی حکومت نے نواز شریف کو اقتدار سے ہٹایا جو کہ ایک تبدیلی کی وجہ بنی، جس سے سیاسی حلقوں میں اختلافات پیدا ہوئے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ثقافت وقت اور حالات کے ساتھ بدلتی رہتی ہے۔

۷۔ مخصوص سماجی ترقی: معاشرہ کے کسی خاص حصے کا زیادہ ترقی کر جانا جبکہ دوسرے علاقوں کا

www.downloadclassnotes.com

اس میں پیچھے رہ جانا بھی ثقافتی اختلافات کو جنم دیتا ہے۔ مثلاً پاکستان کے بڑے شہروں اسلام آباد، کراچی، لاہور کی ثقافت دوسرے چھوٹے شہروں سے مختلف ہے جس کی ایک وجہ ان شہروں کی ترقی بھی ہے۔ اور ان میں کئی معاملوں میں ثقافتی اختلافات بھی پائے جاتے ہیں۔

۸۔ آب وہوا: آب وہوا جہاں ثقافتی مماثلت کو جنم دیتی ہے وہاں یہ ثقافتی اختلاف کا بھی باعث بنتی ہے۔ جیسے ٹھنڈے اور گرم علاقوں کی ثقافت میں فرق ہے یہ ثقافتی فرق ثقافتی اختلافات کو جنم دیتا ہے۔

۹۔ مختلف ثقافتی گروہوں سے تعلق: مختلف ثقافتی گروہوں سے تعلق رکھنے والے افراد جب کسی ایک مخصوص جگہ پر رہتے ہیں تو ان کے درمیان فرق اختلافات کو جنم دیتا ہے۔ جیسے سندھی، پنجابی، پٹھان، سرائیکی وغیرہ۔

ثقافتی تغیر
(Cultural Change)

ہر معاشرہ اپنی ایک ثقافت رکھتا ہے۔ جس طرح معاشرہ بدلتا ہے اسی طرح ثقافت بھی بدلتی ہے۔ وہ ثقافت جو تبدیل نہ ہو مردہ کہلاتی ہے۔ تغیر کا نام ہی زندگی ہے۔ یہ ہم پڑھ چکے ہیں کہ معاشرتی ورثہ ہماری ثقافت کہلاتا ہے۔ جو ورثہ کسی نسل کو ملتا ہے اگلی نسل اس میں اپنے تجربہ ومشاہدہ کی بناء پر تبدیلیاں لاتی ہے۔ اس طرح یہ ثقافت بدلتی ہے اور اگلی نسل کی جانب پھر منتقل ہوتی ہے اس طرح گروہ در گروہ، نسل در نسل، ذات در ذات، ادارہ در ادارہ، برادری در برادری اور معاشرہ در معاشرہ ثقافت منتقل کرتے رہتے ہیں۔ اور یہ مرحلہ میں یہ تبدیلی ہوتی ہے۔

تعریف (Definition):

ھارٹن اینڈھنٹ (Horton & Hunt) کے مطابق:

"ثقافتی تغیر سے مراد لوگوں کی ثقافت میں تبدیلی ہے"۔

"Change in culture of the people is called cultural change."

روسک اینڈوارن (Roucek & Warren) کے بقول:

"ثقافت کے کسی بھی پہلو میں تبدیلی کو ثقافتی تغیر کہا جاتا ہے۔"

ثقافتی تغیر کی مثالیں ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ، فن وآرٹ میں تبدیلی، معاشرے میں نئے معمولات کا پیدا ہونا اس کی مثالیں ہیں۔

۱۹۴۷ء میں پاکستان وجود میں آیا تھا۔ جو ثقافتی حالات اس وقت تھے کیا آج وہ ہیں؟ ہرگز نہیں۔ جو ملک کے مسائل اس وقت تھے آج اس سے مختلف ہیں۔ جو ادارے ان دنوں تھے آج ان سے مختلف شکلوں میں ہیں۔ جو ثقافتی معمولات اس دور میں رائج تھے آج ان میں بڑی تبدیلی آچکی ہے۔ ان تبدیلیوں کو پاکستانی ثقافت کی تبدیلیاں کہیں گے۔

ثقافتی تغیر کے طریقے/عوامل/ذرائع/وجوہات
(Modes of Cultural Change)

ثقافتی تغیر کے عوامل یا وجوہات درج ذیل ہیں:

ا۔ ثقافتی نفوذ (Cultural Diffusion):

تعریف:

"جب کسی ثقافت کے خواص دوسری ثقافت میں اپنا لئے جائیں اور وہاں اس میں مقبول ہو جائیں۔ تو اسے ثقافتی نفوذ کہتے ہیں"۔

مثالیں:

جیسے کوٹ اور پتلون مغرب کے معاشروں سے خاص طور پر برطانیہ سے ہماری ثقافت میں آئے تھے، ہماری ثقافت نے انہیں قبول کر لیا اور اپنا لیا۔ اب ہمارے معاشرے میں بھی انہیں بلا امتیاز استعمال کیا جاتا ہے۔ ثقافتی نفوذ کا عمل ہو چکا۔ جس سے ہماری ثقافت میں لباس کی تبدیلی آگئی۔ اس طرح انگریزی زبان بھی بذریعہ نفوذ ہم نے اپنائی اور اس نے بھی ہماری معاشرتی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا۔ موٹر گاڑیاں، ہوائی جہاز، ریلوے، ڈاک و تار، ٹیلیفون اور فیکس و انٹرنیٹ کا نظام جو ہماری ثقافت میں مغربی ترقی یافتہ معاشروں سے لائے گئے ہیں نفوذ کے ذریعے ہمارے معاشرے اور ثقافت میں عظیم ترین تبدیلیاں لائے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا (فیس بک، ٹوئٹر) ثقافتی تبدیلی کے ذرائع ہیں۔

۲۔ ثقافت پذیری (Acculturation):

تعریف:

یہ ثقافتی تغیر کا وہ طریقہ ہے جس میں دو مختلف ثقافتیں ایک دوسرے کے قریب آتی ہیں آپس میں باہمی تفاعل کی راہ ہموار کرتی ہیں تجارتی لین دین، ثقافتی وفود، صحافیوں، اساتذہ اور طلباء

کے علاوہ کھلاڑیوں کی ٹیموں کے تبادلے ہوتے ہیں۔ ادبی مواد ایک دوسرے کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ دونوں معاشروں کے افراد ایک دوسرے میں آتے جاتے ہیں۔ ان عوامل سے بہت سے خواص کا تبادلہ ہوتا ہے دونوں ثقافتیں ایک دوسری سے فائدہ اٹھاتی ہیں۔ اپنے اختلافات کو بھول کر اپنے مفاد میں لگ جاتی ہیں۔ باہمی عداوت کم ہو جاتی ہے۔ ایک دوسری کی ثقافتی اوصاف کو قبول کرتی ہیں جس سے دونوں ثقافتوں میں تغیر آتا ہے۔ اسے ثقافت پذیری کہتے ہیں۔

۳۔ مصالحت (Accomodation):

تعریف:

آگبرن اینڈ نمکاف (Ogburn & Nimkoff) کے مطابق:

"افراد یا گروہوں کے اپنے تمام اختلافات یا عداوت کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کو مصالحت کا نام دیا جاتا ہے۔"

یعنی دو پارٹیوں کے درمیان عارضی یا مستقل مدت کے لیے عداوت کا ختم ہو جانا مصالحت کہلاتا ہے۔ پارٹیاں ایک مشترکہ معاہدے پر تعاون کرتی ہیں ایک دوسری کو مراعات دیتی ہیں۔ اور اپنی عداوت کا اظہار نہیں کرتیں۔ اسے مصالحت کہتے ہیں۔

سیموئیل کونیگ (Samuel Koneig) نے یوں کہا ہے کہ:

"افراد کے کردار میں وہ اکتسابی تبدیلی جو افراد کو اپنے ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ مصالحت کہلاتی ہے۔"

اس تعریف کی رو سے "مصالحت سے مراد ماحول کے ساتھ صلح کر لینا ہے۔"

مصالحت کی اقسام (Types of Accomodation):

مصالحت کی کئی قسمیں ہیں۔

۱۔ **صلح:** صلح میں مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ ایک معینہ یا غیر معینہ مدت کیلئے فریقین اپنی عداوتی کاروائیاں بند کر دیتے ہیں۔ جیسے ۱۹۶۵ء کی جنگ کے بعد پاک و ہند میں معاہدہ تاشقند جنوری ۱۹۶۶ء میں ہوا تھا۔

۲۔ **سمجھوتہ:** اس میں فریقین ایک دوسرے کو مراعات دے کر معاہدہ کر لیتے ہیں عارضی طور پر مخالفت دب جاتی ہے۔ طرفین مشترکہ طور پر مسئلہ پر غور کرتے ہیں جیسے شملہ معاہدہ پاکستان و ہند میں طے پایا تھا۔ پاکستان اور انڈیا میں کارگل کے مقام پر جنگ ہوئی مگر بعد میں جنگ بندی کا معاہدہ

طے پایا۔ جو کہ امریکہ میں ہوا۔

۳۔ عارضی ہار جیت: طرفین میں سے ایک پارٹی دوسری پر غلبہ حاصل کر لیتی ہے۔ اور شکست خوردہ پارٹی پر اپنی شرائط صلح پیش کرتی ہے۔ جیسے ۱۹۷۱ء کی پاک و ہند جنگ میں مشرقی پاکستان میں ہم نے ہتھیار ڈال دیے اور ہندوستان نے ہمارے ۹۰ ہزار فوجیوں کو قیدی بنالیا تھا۔

۴۔ ثالثیت: تیسری پارٹی دو لڑنے والی پارٹیوں میں صلح کراتی ہے ان میں تصادم ختم ہو جاتا ہے۔ جیسے حال ہی میں انڈیا اور پاکستان کے درمیان تعلقات خراب ہونے کی صورت میں امریکہ اور دوسری مغربی ملکوں نے ثالثیت کے فرائض سرانجام دیے۔

۵۔ برداشت: تعاون کی بنیاد پر برداشت کا جذبہ بھی مصالحت پیدا کرتا ہے۔ دوسرے فریق کی خامیوں پر صبر و تحمل کرتا ہے۔ جس سے عداوت پیدا نہیں ہوتی۔ جیسے کشمیر میں پچھلے پچاس سال سے قتل و غارت و ظلم و تشدد جاری ہے مگر پاکستان اس کو برداشت کر رہا ہے یہ برداشت کی ایک مثالِ عظیم ہے۔

۴۔ تحلیل یا مماثلت (Assimilation):

تعریف:

مماثلت کی تعریف میں **آگبرن اور نمکاف** (Ogburn & Nimkoff) نے کہا ہے کہ:

"دو غیر یکساں افراد یا گروہوں کا اپنے ثقافتی اختلافات کو دور کر کے یکساں ہو جانے کے عمل کو مماثلت کہتے ہیں۔"

ینگ اور **میک** (Young & Mack) کہتے ہیں کہ:

"دو مختلف گروہ آپس میں جب مل کر ایک ہو جائیں تو مماثلت کا عمل وجود میں آتا ہے۔"

جب دو مختلف ثقافتیں ایک دوسری سے معاشرتی تعلق قائم کرتی ہیں تو اپنے رسم و رواج، اقدار، عادات، فیشن، ایجادات، مصنوعات، علمی کتب وغیرہ کا تبادلہ کرتی ہیں۔ ان میں اختلافات کم ہونے لگتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ وہ ایک دوسرے کے قریب آجاتی ہیں۔ اور اتنا قریب آجاتی ہیں کہ اختلافات ختم ہو جاتے ہیں وہ آپس میں مل کر ایک ہو جاتی ہیں۔ جیسے عربوں کے تیرہ معاشرے عرب لیگ میں شامل ہوئے۔ جن میں سعودی عرب، اردن، لیبیا، شام، عراق، الجزائر، مصر، یمن وغیرہ شامل ہیں۔ ان سب کی ثقافت میں مماثلت ہے۔

مماثلت کا عمل ثقافت پذیری کے بعد آتا ہے۔ پاکستان میں پنجابی، سندھی، بلوچی، اور پختون چار ذیلی یعنی چھوٹی ثقافتیں ہیں۔ جو ایک طویل عرصے سے رہ رہی ہیں لیکن ان میں بہت سے عوامل

ایک دوسری سے مختلف پائے جاتے ہیں۔ ثقافت پذیری ہوتی رہتی ہے۔ لیکن مماثلت نہیں پیدا ہو سکی۔ حالانکہ یہ سب ایک ہی معاشرے کی ذیلی ثقافتیں ہیں۔

۵۔ ایجاد (Invention):

ثقافت تغیر کی ایک بڑی وجہ معاشرتی ایجادات ہیں جو سالہا سال کے تجربات کے نتیجے میں متعارف ہوتی رہتی ہیں۔ ان ایجادات کی نوعیت سائنسی ہوتی ہے لیکن یہ بعض اوقات ثقافتی پہلوؤں کو یکسر بدل کر رکھ دیتی ہیں۔ ان ایجادات میں موبائل فون، کمپیوٹر، انٹرنیٹ، بجلی، جہاز، ایٹم بم وغیرہ شامل ہیں۔

۶۔ دریافت (Exploration):

دریافت سے مراد کوئی چیز یا حقیقت پہلے سے کسی جگہ پر موجود ہو مگر لوگوں کو اس کا علم نہ ہو، اس چیز یا حقیقت کے بارے میں جاننا دریافت کہلاتا ہے۔ دریافت بھی معاشرتی تغیر کی ایک بڑی وجہ ہے ان میں قدرتی وسائل جیسے پٹرول، گیس، سونا، چاندی، ہیرے جوہرات اور دیگر معدنیات وغیرہ شامل ہیں۔

اہم سوالات

☜ ۱۔ ثقافت کسے کہتے ہیں؟ ثقافتی اختلافات کی وجوہات بیان کیجئے۔
۲۔ ثقافتی مماثلت کیا ہے؟ اس کی وجوہات بیان کریں۔
☜ ۳۔ ثقافت کی تعریف کیجئے۔ اور ثقافتی مماثلت کی وضاحت کیجئے۔
☜ ۴۔ ثقافتی تغیر کی تعریف کریں اور اس کے عوامل بھی بیان کریں۔
۵۔ مندرجہ ذیل پر نوٹ کیجئے:
نفوذ، ثقافت پذیری، مصالحت اور مماثلت
☜ ۶۔ پاکستانی معاشرہ میں پائے جانے والے ثقافتی اختلافات پر نوٹ تحریر کریں۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com

مختصر سوالات و جوابات

□ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

1- **ثقافت سے کیا مراد ہے؟ یا ثقافت کی تعریف کریں۔**

جواب۔ معاشرتی ورثہ کا نام ثقافت ہے۔ (لنٹن)

2- **ہماری ثقافت کے کوئی سی دو انداز بتائیں؟**

جواب۔ ☆ کاشت کاری پاکستانی ثقافت کا مقبول ترین پیشہ ہے۔
☆ پاکستانی معاشرے میں ذات پات کا نظام پایا جاتا ہے۔

3- **ثقافتی مماثلت سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟**

جواب: مختلف ثقافتوں میں بہت سے یا چند خواص کا مشترک پایا جانا ثقافتی مماثلت کہلاتا ہے۔

4- **کوئی سی دو ثقافتی مماثلتیں بتائیں؟**

جواب۔ ☆ اسلامی روایات و اقدار کو تسلیم کرنا ہمارے معاشرے کے افراد میں مماثلت رکھتا ہے۔
☆ والدین' اساتذہ و بزرگوں کا احترام کرنا بھی ثقافتی مماثلت ہے۔

5- **ثقافتی مماثلت کی دو وجوہات بتائیں؟**

جواب۔ ☆ اداروں میں مماثلت ہونا
☆ ملتی جلتی ضروریات زندگی ہونا

6- **ثقافتی اختلافات سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟**

جواب: مختلف ثقافتوں کے ثقافتی نمونوں و خواص کا آپس میں مماثلت نہ رکھنا ثقافتی اختلافات کہلاتا ہے۔

7- **کوئی سے دو ثقافتی اختلافات بتائیں؟**

جواب۔ ☆ کچھ لوگ دیہاتوں میں رہتے ہیں تو کچھ شہروں میں۔
☆ کچھ لوگ ڈاکٹر سے علاج کرتے ہیں تو کچھ حکیموں سے۔

8- **ثقافتی اختلافات کی کوئی سی دو وجوہات بتائیں؟**

جواب۔ ☆ حاجات میں اختلافات کا ہونا۔
☆ مختلف ثقافتی گروہوں سے تعلق ہونا۔

9- **ثقافت کے دو خواص تحریر کریں۔**

جواب: ☆ ثقافت ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی ہے۔

www.downloadclassnotes.com

☆ ثقافت میں اجتماعیت ہوتی ہے۔ ☆ ثقافت حاجات کی تسکین کرتی ہے۔

10- ثقافت کی اہمیت پر دو نقاط تحریر کریں؟

جواب: ☆ ثقافت کے وجود کے بغیر انسان حیوان ہے۔
☆ ثقافت کے بغیر زندگی کا تصور ممکن نہیں۔

11- ثقافتی تغیر کی تعریف کریں؟

جواب۔ ثقافتی تغیر سے مراد لوگوں کی ثقافت میں تبدیلی ہے۔(ہارٹن اینڈ ہنٹ)

12- کوئی سے دو ثقافتی تغیر کی مثالیں دیں؟

جواب۔ ثقافتی تغیر کی مثالیں درج ذیل ہیں:
1- انٹرنیٹ و موبائل کا آنا ثقافتی تغیر ہے۔
2- CNG کا گاڑیوں میں استعمال ثقافتی تغیر ہے۔

13- ثقافتی تغیر کے انداز / طریقے / عوامل کون کون سے ہیں ان کے صرف نام بتائیں؟

جواب۔ ☆ ثقافتی نفوذ ☆ ثقافت پذیری
☆ مصالحت ☆ تحلیل یا مماثلت

14- ثقافتی نفوذ کسے کہتے ہیں یا تعریف کریں؟

جواب۔ جب کسی ثقافت کے خواص دوسری ثقافت میں چلے جائیں اور وہاں اس میں مقبول ہو جائیں تو اسے ثقافتی نفوذ کہتے ہیں:
جیسے کوٹ پتلون مغرب کے معاشروں خاص طور پر برطانیہ سے ہمارے معاشرے میں آیا ہم نے اسے قبول کر لیا اور اپنا لیا جو کہ ثقافتی نفوذ کی مثال ہے۔

15- ثقافت پذیری کسے کہتے ہیں یا تعریف کریں؟

جواب۔ جب دو مختلف ثقافتیں ایک دوسرے کے قریب آتی ہیں آپس میں باہمی تفاعل کی راہ ہموار کرتی ہیں' ایک دوسرے سے فائدہ اٹھاتی ہیں' اپنے اختلافات کو بھول کر اپنے مفاد میں لگ جاتی ہیں ایک دوسرے کی ثقافتی اوصاف کو قبول کر لیتی ہیں جس سے باہمی عداوت کم ہو جاتی ہے اسے ثقافت پذیری کہتے ہیں۔

16- مصالحت کسے کہتے ہیں یا تعریف کریں؟

جواب۔ افراد یا گروہوں کا اپنے تمام اختلافات یا عداوت کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر کام کرنے کو مصالحت کا نام دیا جاتا ہے۔

17- مصالحت کی اقسام بتائیں؟

جواب: ☆ صلح ☆ سمجھوتہ ☆ عارضی ہار جیت

☆ ثالثیت ☆ برداشت

18- تحلیل یا مماثلت کی تعریف کریں؟

جواب۔ دو غیر یکساں افراد یا گروہوں کا اپنے ثقافتی اختلافات کو دور کر کے یکساں ہو جانے کے عمل کو مماثلت کہتے ہیں۔

19- ایجاد کی تعریف کریں؟

جواب: تمام قدرتی و انسانی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے کسی نئی چیز کی تخلیق کرنا جو کہ پہلے سے موجود چیزوں سے مختلف ہو ایجاد کہلاتی ہے۔

20- دریافت سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں؟

جواب۔ ایسی چیز جو پہلے سے کسی جگہ قدرتی طور پر موجود ہو اور پہلے سے تخلیق شدہ ہو مگر لوگ اس سے لاعلم ہوں جیسا کہ پٹرول' سونا' چاندی' گیس' پانی وغیرہ۔

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- معاشرے کے ہر طبقہ کا عیدین اور دوسرے اسلامی تہواروں کا منانا کہلاتا ہے؟
(a) ثقافتی اختلافات (b) ثقافتی مماثلت
(c) ثقافت کے انداز (d) ثقافت

2- ایک ہی آب و ہوا سے تعلق رکھنے والے افراد کی ثقافت ہوتی ہے؟
(a) بالکل مختلف (b) یکساں (c) مثالی (d) حقیقی

3- معاشرے کے کسی خاص حصے کا زیادہ ترقی کر جانا جب کہ دوسرے علاقوں کا پیچھے رہ جانا جنم دیتا ہے؟
(a) ثقافتی اختلافات (b) ثقافتی مماثلت (c) کسی کو جنم نہیں دیتا (d) معاشرتی گروہ

4- ثقافت نام ہے؟
(a) ناچ و گانے (b) لباس کا (c) جو کچھ ہم کرتے ہیں (d) کھانے پینے کا

5- اقدار' معمولات و رسم و رواج ہیں؟
(a) مادہ ثقافت (b) غیر مادہ ثقافت (c) مثالی ثقافت (d) پیچیدہ ثقافت

6- ثقافت کے معنی ہیں؟
(a) قوانین (b) لباس (c) موسیقی (d) طرز زندگی

7- سکول' کالج و عمارتیں ہیں؟
(a) مادہ ثقافت (b) غیر مادہ ثقافت (c) ثقافتی مماثلت (d) ثقافتی اختلافات

-8 کلچر کے معنی ہیں؟
(a) ثقافت (b) پہاڑ (c) دریا (d) درخت

-9 ان میں سے مادہ ثقافت کونسی ہے؟
(a) عقائد (b) نظریات (c) اقدار (d) زیورات

-10 ثقافت کی نمایاں خاصیت؟
(a) اختلافات (b) صلح مندی (c) انفرادیت (d) منفی

-11 ثقافتی اختلافات کس کی وجہ بنتے ہیں؟
(a) تعمیر (b) رویوں میں اختلاف (c) تعاون (d) ثقافتی یکجہتی

-12 کس نے ثقافت کو معاشرتی ورثہ کہا ہے؟
(a) ڈرخائم نے (b) کومٹے نے (c) بارنس نے (d) لنٹن نے

-13 ماحول کا وہ حصہ جو انسان نے بنایا ہو کہلاتا ہے؟
(a) ثقافت (b) مذہب (c) سیاست (d) تفریح

-14 معاشرتی زندگی کی کتاب؟
(a) عصبیت (b) ادب (c) ثقافت (d) مذہب

-15 حاجات میں اختلاف جنم دیتا ہے؟
(a) ثقافتی مماثلت کو (b) ثقافتی اختلاف کو (c) عصبیت کو (d) معاشرتی عمل کو

-16 ثقافتی مماثلت کی وجہ؟
(a) یکساں مکان (b) یکساں خوراک (c) یکساں حاجات (d) معاشرتی ادارے

-17 ثقافت کے کسی بھی پہلو میں تبدیلی کہلاتی ہے؟
(a) ثقافتی تغیر (b) ثقافتی مماثلت (c) ثقافتی مرکب (d) ثقافتی انخلاء

-18 ثقافتی تبدیلیاں جب معاشرہ میں مقبول ہو جائیں تو کہلاتی ہیں؟
(a) معاشرتی تغیر (b) معاشرتی عناصر (c) معاشرتی تحریکیں (d) معاشرت

-19 تہذیبوں کے تصادم کا نظریہ ہے؟
(a) مادہ ثقافت (b) غیر مادہ ثقافت (c) عصبیت (d) ثقافتی مماثلت

-20 وقت کے ساتھ ساتھ دو گروہوں میں عداوت کا کم ہونا کہلاتا ہے؟
(a) ثقافت پذیری (b) سمجھوتہ (c) مسابقت (d) تصادم

-21 دو مختلف ثقافتیں ایک دوسرے کے قریب آ کر ضم ہو جائیں تو کہلاتی ہیں؟
(a) مصالحت (b) مسابقت (c) مماثلت (d) مطابقت

-22 ماحول کے ساتھ مطابقت کہلاتی ہے؟
(a) مصالحت (b) مسابقت (c) ثقافت (d) معاشرتی مماثلت

-23 ایک غیر معینہ مدت کے لئے فریقین کا اپنی عداوت بند کرنا کہلاتا ہے؟
(a) سمجھوتہ (b) عارضی ہار جیت (c) مسابقت (d) صلح

-24 فریقین کا ایک دوسرے کو مراعات دے کر معاہدہ کرنا کہلاتا ہے؟
(a) صلح (b) سمجھوتہ (c) عارضی ہار جیت (d) a, b, c تینوں

-25 تیسری پارٹی جب دو فریقین میں صلح کرائے تو اسے کہتے ہیں؟
(a) صلح (b) سمجھوتہ (c) عارضی ہار جیت (d) ثالثیت

-26 انگریزی لفظ کلچر کون سی زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟
(a) انگریزی (b) لاطینی (c) چائنیز (d) عربی

-27 لفظ ثقافت کون سی زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟
(a) عربی (b) فارسی (c) پنجابی (d) کوئی نہیں

-28 ----عارضی ہے؟
(a) فیشن (b) ثقافت (c) ادارے (d) یہ تمام

-29 ثقافت کی خصوصیت ہے؟
(a) اکتسابی (b) ترسیل (c) مثالی (d) یہ تمام

-30 شہروں کی ثقافت ہے؟
(a) پیچیدہ (b) سادہ (c) قدیم (d) یہ تمام

-31 ثقافتی اختلاف نمایاں ہے؟
(a) اردو (b) قومیت (c) آئین (d) مقامی لباس

جوابات

(b) -1	(b) -2	(a) -3	(c) -4	(b) -5	(d) -6
(a) -7	(a) -8	(d) -9	(c) -10	(b) -11	(d) -12
(a) -13	(c) -14	(b) -15	(c) -16	(a) -17	(a) -18
(b) -19	(a) -20	(c) -21	(a) -22	(d) -23	(b) -24
(d) -25	(b) -26	(a) -27	(a) -28	(d) -29	(a) -30
(d) -31					